شعبۂ امور عامہ، سفارتخانہ امریکہ، نئی دہلی

پریس ریلیز

امریکن ایکسپریس شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۱ فون: ۲۴۱۹۸۰۰۰ (۹۱-۱۱) ایکسٹنشن: ۸۸۲۲
فیکس: ۲۴۱۹۸۰۱۷-(۹۱-۱۱) انٹرنیٹ: http://newdelhi.usembassy.gov

امریکہ ہندوستان کے دہشت گردی مخالف ماہرین کی بصیرت کی قدر کرتا ہے

نئی دہلی، 5 اکتوبر 2011: امریکہ، ہندوستان اور آسٹریلیا کے مندوبین کا گزشتہ 30 ستمبر کو لاس اینجلس، کیلی فورنیا میں ایک ہفتے کا موضوعاتی مہارت کے تبادلے کا پروگرام مکمل ہوا۔ پروگرام کے دوران ہندوستانی مندوبین نے 26/11 کے ممبئی حملوں کے دوران پیش آنے والے چیلنجوں اور اس واقعہ سے حاصل ہونے والے سبق پر اپنی عمیق معلومات شیئر کیں۔

امریکی سفارتخانہ، نئی دہلی کے فیڈرل بیورو آف انویسٹی گیشن (ایف بی آئی) اتاشی ڈینیئل سی کلیگ نے ہندوستانی ماہرین کے نقطۂ نظر کی کافی ستائش کی۔ انہوں نے کہا ''26/11 حملوں کے کئی پہلو نوعیت کے اعتبار سے انوکھے اور نئے چیلنج پیش کر رہے تھے جن کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔ ان خوفناک حملوں کے دوران ہندوستان کو جو براہ راست تجربہ ہوا، ہندوستانی ماہرین کے ذریعہ ان سے آگاہ ہونا ایک انتہائی سودمند عمل تھا۔ ان معلومات کی بدولت امریکی ماہرین کو مستقبل کے لئے بہتر حکمت عملی وضع کرنے میں مدد ملے گی۔''

یہ تبادلہ ایک مشترکہ کوشش تھی جس میں ہندوستان اور آسٹریلیا کے اعلیٰ افسران اور امریکی ایف بی آئی، امریکی محکمۂ دفاع، لاس اینجلس پولس ڈپارٹمنٹ اور لاس اینجلس کاؤنٹی شیرف ڈپارٹمنٹ شامل تھے۔ اس پروگرام میں خطرے اور تشدد کے واقعات سے منظّم طور پر نمٹنے کے لئے پولس منصوبہ بندی پر توجہ مرکوز کی گئی۔ ایک ہفتے کے اس پروگرام میں جن موضوعات پر تبادلۂ خیال کیا گیا ان میں کمانڈ پوسٹ سیٹ اپ، بین ایجنسی تعاون، یرغمال سے متعلق بات چیت، فعال شوٹروں کے ساتھ انکاؤنٹر کی ابتدائی مرحلے کی حکمت عملی، دھماکہ خیز مادے کی ابتدائی اور دھماکے کے بعد کی جانچ پڑتال اور بحران کے وقت میڈیا کے ساتھ تعاون پر مبنی تعلق برقرار رکھنا شامل ہیں۔

اس قسم کے تبادلے اس بات کی مثال ہیں کہ پولس اور دہشت گردی مخالف شعبوں میں ہندوستان اور امریکہ کے درمیان تعاون اور شراکت داری کے مختلف مرحلے جاری ہیں۔

☆☆☆